روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ایمان بالغیب

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ۔جس نے مجھے دیکھا اس کو مبارک ہو۔مگر جس نے مجھے نہیں دیکھا اور ایمان لایا اس کو سات دفعہ مبارک ہو۔

(مسند احمد حدیث نمبر:12118)

منگل 12 فروری 2008ء 4 صفر 1429 ہجری 12 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 35

مستقل مزاج اور سعید الفطرت شخص مشکلات میں بھی اپنے رب کی عنایتوں کی خوشبو سونگھتا ہے

اللہ تعالیٰ کے آگے جھکے بغیر ایمان لانے کا دعویٰ بے معنی ہے

اللہ تعالیٰ کے در کو اس طرح پکڑیں اور اس کے آگے جھکیں کہ جلد سے جلد تر قبولیت دعا کے نظارے دیکھنے والے ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 8 فروری 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 8 فروری 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ابتلاؤں میں ہی دعاؤں کے عجیب خواص اور اثر ظاہر ہوتے ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ ہمارا خدا تو دعاؤں ہی سے پہچانا جاتا ہے۔حضور انور نے فرمایا کہ یہ وہ بنیادی چیز ہے جس کی گہرائی کو ایک حقیقی مومن سمجھتا ہے اور سمجھنا چاہئے۔ دعاؤں کے بغیر اور اللہ تعالیٰ کے آگے جھکے بغیر تو ایمان لانے کا دعویٰ ہی بے معنی ہے۔ عارضی ابتلاء اور روکیں ایک مومن کے قدم ڈگمگانے والی نہیں ہوتیں بلکہ ان ابتلاؤں اور روکوں کی وجہ سے وہ اور زیادہ عبادت میں بڑھتا ہے۔ جب تک ہم مستقل مزاجی کے ساتھ اس حالت پر قائم رہیں گے‘ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے والے بنتے چلے جائیں گے۔حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ دعا اور اس کی قبولیت کے درمیانی اوقات میں بسا اوقات ابتلاء پر ابتلاء آتے ہیں اور ایسے ایسے ابتلاء بھی آجاتے ہیں جو کمر توڑ دیتے ہیں مگر مستقل مزاج‘ سعید الفطرت ان ابتلاؤں اور مشکلات میں بھی اپنے رب کی عنایتوں کی خوشبو سونگھتا ہے اور فراست کی نظر سے دیکھتا ہے کہ اس کے بعد نصرت آتی ہے۔ان ابتلاؤں کے آنے میں ایک سِرّ یہ بھی ہوتا ہے کہ دعا کے لئے جوش بڑھتا ہے کیونکہ جس قدر اضطرار اور اضطراب بڑھتا جاوے گا اسی قدر روح میں گدازش ہوتی جائے گی اور یہ دعا کی قبولیت کے اسباب میں سے ہیں۔پس کبھی گھبرانا نہیں چاہئے یہ کبھی بھی خیال نہیں کرنا چاہئے کہ میری دعا قبول نہیں ہوگی یا نہیں ہوتی۔ایسا وہم اللہ تعالیٰ کی اس صفت سے انکار ہو جاتا ہے کہ وہ دعائیں قبول فرمانے والا ہے۔حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنا ایک احمدی کا خاصہ ہے اور ہونا چاہئے جس میں عارضی روکیں اور ابتلاء مزید نکھار پیدا کرتے ہیں۔

حضور انور نے بعض ابتلاؤں کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا ان ابتلاؤں سے سرخرو ہو کر نکلنے کیلئے بہت دعاؤں کی ضرورت ہے۔احمدی اپنے ثبات قدم کیلئے دعائیں کریں اور اللہ تعالیٰ کے در کو اس طرح پکڑیں‘ اس کے آگے اس طرح جھکیں کہ جلد سے جلد تر وہ قبولیت دعاؤں کے نظارے دیکھنے والے ہوں اور پھر دنیا میں وہ احمدی جو امن میں ہیں‘ اپنے بھائیوں کیلئے دعا کریں کیونکہ مومن کی یہی شان بتائی گئی ہے کہ یہ ایک جسم کی طرح ہیں۔ جب ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو پورا جسم تکلیف محسوس کرتا ہے۔ پس جب ہم ایک درد کے ساتھ ان ابتلاؤں کے جلد ختم ہونے کیلئے دعا کریں گے تو یقیناً وہ مستجاب الدعا خدا ہماری دعاؤں کو سنتے ہوئے ہمارے بھائیوں کی تنگیوں اور پریشانیوں کو دور فرمائے گا۔ پس اے نوجوانو اپنے خدا سے تعلق کو مضبوط سے مضبوط تر کرتے چلے جاؤ کہ یہی ایک احمدی نوجوان‘ احمدی مرد وعورت اور احمدی بچے کی شان ہے اور ان مشکلات کا مقابلہ اللہ کے آگے جھکتے ہوئے دعاؤں سے کرتے چلے جائیں۔اللہ تعالیٰ سب کو اپنی حفاظت میں رکھے۔

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔آمین

خلافت جوبلی کنونشن IAAAE

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز کا 27واں سالانہ کنونشن مورخہ 8 اور 9 مارچ 2008ء بروز ہفتہ اور اتوار دفاتر انصاراللہ پاکستان کے ہال میں منعقد ہوگا۔تمام احباب کرام و خواتین نیز احمدی انجینئرز آرکیٹکٹ صاحبان سے شرکت کی بھرپور دعوت ہے۔ نیز تمام ایسے احباب جنہوں نے ابھی ایسوسی ایشن کی ممبر شپ حاصل نہیں کی وہ جلد رکنیت حاصل کر لیں۔رابطہ کیلئے نمبرز روزنامہ الفضل 2 فروری 2008ء میں شائع ہوئے ہیں۔ اس کنونشن میں انڈسٹریل نمائش کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے خواہشمند احمدی مینوفیکچرر اور کاروباری حضرات بھی اس سلسلہ میں رابطہ فرمالیں۔

(شیخ حارث احمد جنرل سیکرٹری
0333-6713202)

الفضل اور کراچی کے احباب

مکرم عبدالرشید ساٹری صاحب کراچی میں روزنامہ الفضل کے مستقل مندوب ہیں۔ الفضل جاری کروانے کیلئے فون نمبر 6320478 پر ان سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ سالانہ چندہ 1425/= روپے ششماہی 715/= روپے سہ ماہی 360/= روپے اور خطبہ نمبر 300/= روپے ہے۔

احباب جماعت الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون فرمائیں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

درختوں کی حفاظت کی تاکید کی گئی ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے رہنما ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے ایک دوست نے کسی کرایہ دار کا ذکر کیا کہ اس نے اپنے مکان کے تمام درخت کٹوا دیئے ہیں۔ اس پر حضور نے فرمایا

قومی اور تعمیری ضروریات کے علاوہ درختوں کو کاٹنے سے (دین) نے منع فرمایا ہے۔ آنحضرت ﷺ جب جنگی مہم روانہ فرمایا کرتے تھے تو ایک ہدایت یہ بھی فرماتے تھے کہ درختوں کو نہ کاٹیں اور یہ کہ جس علاقہ پر بھی قابض ہو جائیں وہاں درختوں کی حفاظت کی ذمہ داری ان پر ہو گی چنانچہ بخاری کی حدیث ہے کہ لا یقطع شجرھا بنونضیر کی جنگ کے سلسلہ میں آنحضرت ﷺ کے حکم سے جو درخت کاٹے گئے تھے قرآن کریم نے ان کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے۔............

ترجمہ:۔ تم نے کوئی جڑ کھجور کے درخت کی نہیں کاٹی یا اس کو اپنی جڑوں پر کھڑا انہیں چھوڑا مگر یہ اللہ کے حکم سے تھا اور اس لئے تھا کہ نافرمانوں کو رسوا کیا جائے۔ (الحشر آیت:6)

فرمایا کل درخت جو آنحضرتؐ کے حکم سے کاٹے گئے یا جلائے گئے تھے وہ تعداد میں 9 تعداد تھے۔ صرف 9 درختوں کے کاٹے جانے پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ درحقیقت یہ میری اجازت سے کاٹے گئے تھے اور ایک رنگ میں رسول اللہ ﷺ کے درختوں کے کٹوانے کے حکم کی صفائی پیش کردی۔

پس درختوں کو ہرگز بلاضرورت نہیں کاٹنا چاہئے۔ خواہ سایہ دار درخت ہوں یا پھلدار یا محض خوشنما لگنے والے درخت قومی معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ (الفضل 16 مئی 1971ء)

حضور نے خطبہ جمعہ 24 نومبر 1972ء میں فرمایا:۔

درخت کے لئے دو حالتیں خطرناک ہوتی ہیں۔ ایک جب وہ بالکل چھوٹا ہوتا ہے۔ اس حالت میں بچے بھی اسے نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ دوسری وہ حالت ہے جب درخت بڑا ہو جاتا ہے اس کی ہری بھری ٹہنیاں نکل آتی ہیں اس وقت بعض بیوقوف حریص اور دنیا دار آدمی دو چار آنے کے فائدہ کے لئے اس کی ٹہنیوں کو کاٹ دیتے ہیں۔ ان ہر دو حالتوں میں درختوں کی حفاظت از بس ضروری ہے۔ جب کبھی ایسا آدمی درخت کاٹ رہا ہو دوسرے آدمی کو اس کے پاس سے نوٹس لئے بغیر گزر نہیں جانا چاہئے بلکہ اسے ٹوکنا چاہئے اور اس سے یہ پوچھنا چاہئے کہ وہ کس کے حکم سے درخت کاٹ رہا ہے بعض دفعہ خود میں نے دیکھا ہے جب پوچھا کہ کیوں درخت کاٹ رہے ہو؟ تو بولا کہ جس بس کاٹ رہے ہیں۔ اب دیکھو ہم نے تو 20-25 سالہ کوشش کے نتیجہ میں یہاں کچھ تھوڑے بہت درخت لگائے ہیں اور اس قسم کے لوگ آرام سے آ کر بغیر اجازت بغیر کسی جائز وجہ اور بغیر جائز حق کے درخت کاٹنے لگ جاتے ہیں اور کہتے ہیں جی بکری کے لئے چارہ یا چائے کے لئے ایندھن کی ضرورت ہے۔ اس قسم کی ضرورت ربوہ کے درختوں سے پوری نہیں کرنی چاہئے۔ پس ربوہ کے ہر مکین کا یہ فرض ہے کہ اسے جہاں بھی نظر آئے کہ کوئی شخص درخت کاٹ رہا ہے تو وہ اس کے پاس چلا جائے اور اسے درخت کاٹنے سے روک دے۔ یہ تو تھی وہ ذمہ داری جو ان درختوں کی حفاظت کے لئے ہے جو پہلے سے موجود ہیں جو نئے درخت لگائے جائیں گے ان کی حفاظت کی ذمہ داری اطفال الاحمدیہ پر ہے۔...........

غرض درختوں کے بے شمار فوائد ہیں یہ انسان کے ہزاروں کام آتے ہیں اس لئے نئے اور پرانے درختوں کی حفاظت از بس ضروری ہے آنحضرت ﷺ نے سایہ دار اور پھل دار درختوں کے کاٹنے سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ قرآن کریم نے بھی اس مسئلے پر روشنی ڈالی ہے چنانچہ ایک موقع پر جنگ کے دوران انسان کی جان کی حفاظت کے لئے نہیں! بلکہ ایک........ کی جان کی حفاظت کے لئے (جس کی قیمت زیادہ ہے) غالباً نو درخت کاٹنے پڑے تھے جس پر قرآنی وحی نازل ہوئی کہ یہ درخت ہمارے حکم سے کاٹے گئے ہیں۔ غرض اتنی چھوٹی سی استثنائی صورت کا ذکر حکمت سے خالی نہیں ہے آخر نو درخت ہیں کیا چیز؟ لیکن چونکہ .... یہ سبق دینا مقصود تھا کہ اتنی اہم ضرورت کے لئے نو درخت کاٹنے پر بھی اللہ کا الہام نازل ہوا۔ گو اس طرح آئندہ کے لئے بوقت ضرورت درخت کاٹنے کی اجازت تو مل گئی لیکن اس سے بالواسطہ طور پر درخت خواہ وہ سایہ دار ہوں یا پھلدار ہوں ان کے نہ کاٹنے بلکہ نئے درخت لگانے اور ان کی حفاظت کرنے کی تاکید کی گئی ہے میرے دل میں یہ شدید خواہش ہے کہ ہمارا ربوہ ایک باغ بن جانا چاہئے۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 24 جنوری 1973ء صفحہ 3، 8)

☆☆☆

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

اعلیٰ قربانیوں کی ضرورت

۞ سیدنا حضرت مصلح موعود نے فرمایا کہ:۔

"تم اعلیٰ قربانیوں کے لئے تیار ہو جاؤ محنت اور مشقت برداشت کرنے کی تم میں طاقت پیدا ہو مشکلات اور تکالیف برداشت کر سکو اور جب تمہارے پاس مال ہو گا تو اعلیٰ قربانی کے قابل ہو سکو گے۔ دل کی قربانی سے مال مہیا نہیں ہو سکتا لیکن جب دل کی قربانی ہو گی اور تمہارے پاس مال بھی ہو گا تو اسے تم پیش کر سکو گے۔" (مطالبات صفحہ 24)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس اہم مطالبے کو سمجھنے اور اس کے تقاضے پورے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

درخواست دعا

۞ مکرم محمد ابراہیم خان صاحب جنرل سیکرٹری لوکل انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم منصور احمد صاحب چٹھہ مربی سلسلہ جوہر ٹاؤن لاہور کا 4 فروری 2008ء کو پتہ کا آپریشن جناح ہسپتال لاہور میں ہوا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے نیز آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

۞ مکرم محمد زاہد صاحب کارکن دفتر روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی خوش دامن مکرمہ نسیم اختر صاحبہ اہلیہ مکرم حاجی ولایت خان صاحب معلم وقف جدید بعارضہ شوگر اور بلڈ پریشر علیل ہیں۔ اسی طرح ان کے بیٹے مکرم عبدالاعلیٰ صاحب بعارضہ کھانسی اور بخار علیل ہیں۔ احباب سے ہر دو کی شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

۞ مکرمہ لطافت جہاں بیگم صاحبہ رحمٰن کالونی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے میرے بڑے بیٹے مکرم عمران احمد خان صاحب کارکن مجلس انصار اللہ پاکستان کو ایک بیٹی کے بعد مورخہ 30 نومبر 2007ء کو بیٹے سے نوازا ہے نومولود کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت شمائل احمد عطا فرمایا ہے۔ بچہ مکرم ظفر احمد خان صاحب رحمٰن کالونی ربوہ کا پوتا اور مکرم چوہدری محمد ارشد ظفر صاحب صدر محلہ دارالیمن وسطی حمد کا نواسہ ہے۔ نومولود حضرت ڈپٹی ملک محمد فقیر اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت و تندرستی والی لمبی زندگی عطا کرے بچے کو خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

۞ مکرم نعمت اللہ شمس صاحب کارکن دفتر وصیت صدر انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے میری بیٹی مکرمہ فرح نادیہ صاحبہ اہلیہ مکرم عابد کریم صاحب کو ایک بیٹے اور بیٹی کے بعد 3 جنوری 2008ء کو ایک دوسرے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام ارمغان قاصد تجویز ہوا ہے۔

اسی طرح میرے بیٹے مکرم نجم الثاقب صاحب اور بہو مکرمہ حامدہ ثاقب صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے 24 جنوری 2008ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت کامران ثاقب عطا فرمایا ہے۔ دونوں بچے اللہ تعالیٰ کے فضل سے وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں۔ دونوں بچے حضرت مولوی فضل دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود سابق معلم حیدر آباد دکن اور مکرم حاجی پیر محمد صاحب آف مانگٹ اونچا کی نسل سے ہیں احباب سے ان کے نیک خادم دین ہونے اور صحت والی درازی عمر کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

طاہر ہومیو پیتھک انسٹیٹیوٹ میں خدمت کا موقع

۞ ایسے احمدی طلباء و طالبات جو ایف۔ ایس۔ سی (پری میڈیکل)، A لیول یا مساوی تعلیم رکھتے ہوں اور طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ کے توسط سے کورس اور ٹریننگ حاصل کر کے ہومیو پیتھک ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کرنا چاہتے ہوں وہ اپنی درخواستیں، مع کوائف، صدر محلہ/امیر جماعت کی سفارش کے ساتھ 4 مارچ 2008ء تک زیر دستخطی کو ارسال فرمائیں۔ بیرون ممالک سے درخواستیں بذریعہ فیکس نمبر 92-47-6215055+ پر بھجوائی جا سکتی ہیں۔ امسال طلباء اور طالبات کے لئے تین تین نشستیں مقرر کی گئی ہیں۔ کورس کی تکمیل کے بعد دو سال کی ٹریننگ لازمی ہو گی۔ کورس اور ٹریننگ کے دوران تعلیمی اخراجات کے علاوہ ایک ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دیا جائے گا۔

(ڈائریکٹر طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

حضرت ابراہیمؑ نے اپنی نسل میں جس عظیم رسول کے مبعوث ہونے کی دعا کی تھی اس میں خصوصیت سے اس کے لئے چار چیزیں اللہ تعالیٰ سے مانگی تھیں

لفظ آیۃ کے مختلف معانی کے حوالہ سے پُرمعارف تشریحات اور اس دعا کی قبولیت کا رُوح پرور بیان

اللہ تعالیٰ کی معرفت کے دروازوں کے کھلنے کے لئے مجاہدہ کی ضرورت ہے اور وہ مجاہدہ اس طریق پر ہو جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے۔اس کے لئے آنحضرت ا کا نمونہ اور اسوہ حسنہ ہے

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 21/دسمبر 2007ء بمطابق 21/فتح 1386 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح ،لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ البقرہ کی آیت 130 تلاوت کی اور فرمایا اس کا ترجمہ ہے کہ اور اے ہمارے ربّ! تو اُن میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کر جو ان پر تیری آیات کی تلاوت کرے اور انہیں کتاب کی تعلیم دے اور (اس کی) حکمت بھی سکھائے اور ان کا تزکیہ کر دے۔ یقیناً تو ہی کامل غلبے والا اور حکمت والا ہے۔

یہ آیت جو مَیں نے تلاوت کی ہے، کل عید کے خطبہ پر بھی حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا کے ضمن میں مَیں نے پڑھی تھی۔ لیکن صرف اتنا ذکر ہوا تھا کہ ایک عظیم رسول کے دنیا میں آنے کی دعا حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت عاجزی سے کی۔ اور اللہ تعالیٰ نے وہ عظیم رسول آنحضرت ا کی صورت میں مبعوث فرمایا جس کی زندگی اور موت، قربانیاں اور عبادتیں مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کے لئے ہوگئی تھیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کا بندہ جو انسان کامل کہلایا جو رسول بھی تھا اور جس کے مقام کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ افضل الرسل بھی ہے اور خاتم النبیّین بھی ہے۔

کل عید کے حوالے سے مَیں نے صرف قربانی کا ذکر کیا تھا کہ آپؐ نے قربانی کے بھی اعلیٰ معیار قائم کئے اور اپنے صحابہ میں بھی وہ روح پھونکی جس نے اپنی جان کو خدا کی امانت سمجھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹانے کی کوشش کی اور کسی بھی قسم کی قربانی سے کبھی دریغ نہیں کیا۔ لیکن اس آیت میں حضرت ابراہیمعلیہ السلام نے جو دعا کی تھی وہ چار باتوں کی تھی کہ میری نسل میں سے آنے والا نبی ان باتوں میں وہ معیار قائم کرے جو نہ پہلوں نے کبھی قائم کئے ہوں اور نہ بعد میں آنے والے اس تک پہنچ سکیں۔ یعنی پہلوں میں تو اس لئے یہ اعلیٰ معیار قائم نہیں ہو سکتے کہ انسانی ذہن اور روحانیت کے معیار ابھی اس معراج تک نہیں پہنچ سکے تھے جن تک اللہ تعالیٰ نے انسانی ارتقاء کے ساتھ اسے پہنچانا تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی فراست اور یقیناً الہام سے بھی نظر آ رہا تھا کہ انسان کی ذہنی علمی اور روحانی ترقی بہت دور تک جانی ہے اور ایک زمانہ آئے گا جب یہ منازل حاصل ہوں گی۔ تو آپؑ نے یہ دعا کی کہ اے میرے خدا جب تیری تقدیر کے تحت وہ زمانہ آئے جب روحانی، علمی اور ذہنی جلا اور ترقی کا زمانہ ہو تو اے میرے خدا! اُس وقت روحانی ترقیات کے حصول کے لئے جو نبی تُو مبعوث فرمائے، انسان کو نئے علوم سے متعارف کرانے اور اپنی ہستی کے ثبوت کے لئے دلائل سے پُر تعلیم تُو جس نبی پر اتارے، کائنات کے اسرار و رموز جس نبی کے ذریعہ سے ظاہر فرمائے، وہ رسول، وہ آخری شرعی کتاب کو لانے والا رسول اے خدا! میری دعا ہے کہ وہ میری نسل میں سے ہو اور بنی اسماعیل کی نسل میں سے ہو اور اس کے لئے آپ نے چار چیزیں اللہ تعالیٰ سے اس عظیم رسول کے لئے مانگیں۔

پہلی بات آپؑ نے یہ عرض کی کہ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِکَ جو اُن پر تیری آیات تلاوت کرے۔ دوسری بات یہ کہ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ انہیں کتاب کی تعلیم دے۔ تیسری بات یہ کہ کتاب کی تعلیم کے ساتھ حکمت سکھانے والا بھی ہو اور پھر چوتھی بات یہ کہ جن لوگوں میں مبعوث ہو اور جو قیامت تک پیدا ہونے والے ہیں ان سب کا تزکیہ بھی ہمیشہ کرنے والا ہو اور ایسی تعلیم ہو جس کے ذریعہ سے ہمیشہ تزکیہ ہوتا چلا جائے۔ اور آخر میں یہ دعا کی کہ اے خدا! تُو اَلْعَزِیْزُ ہے، کامل غلبہ والا ہے اور اَلْحَکِیْمُ ہے، بڑی حکمت والا ہے۔ تیری جیسی عزیز ہستی ہی ایسا کامل انسان پیدا کر سکتی ہے اور تجھ جیسی حکیم ہستی ہی اُس نبی کو وہ حکمت عطا کر سکتی ہے جس سے وہ یہ تمام امور سر انجام دے سکے۔

پس حضرت ابراہیمعلیہ السلام نے یہ دعا کی کہ میری اس قربانی اور میری بیوی اور بیٹے کی اس قربانی کو ہم تبھی تیری درگاہ میں قبول سمجھیں گے جب یہ تمام خصوصیات رکھنے والا سب نبیوں سے افضل اور تیرا پیارا ہماری نسل میں سے ہو اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ہو۔ جس طرح تُو نے یہ احسان کیا ہے کہ خانہ کعبہ کی نشاندہی کر کے اس کی تعمیر ہم سے کرائی ہے تا کہ اس جگہ کو مرجع خلائق بنا دے، لوگوں کے آنے کی جگہ بنا دے۔ اسی طرح یہ بھی ہماری دعا قبول فرما کہ تیرے علم کے مطابق جو عظیم رسول مبعوث ہونا ہے جس نے آ کر آئندہ نسل انسانی کو اپنے کمال کے نمونے دکھانے ہیں وہ ہماری نسل میں سے ہو۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ اس سورۃ بقرہ میں جس میں اس آیت کا بیان ہوا ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا تھی، اسی میں آگے جا کے فرماتا ہے کہ ابراہیم نے دعا کی تھی اس رسول کیلئے جو عظیم رسول اور عظیم شریعت لانے والا رسول ہے، مَیں نے وہ دعا قبول کر لی اور تم میں وہ رسول بھیج دیا۔ جیسا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ (۔) (البقرۃ:152)۔

اور پھر قرآن کریم میں سورۃ جمعہ میں اس بات کا دوبارہ ذکر کیا ہے۔ فرمایا (۔) (الجمعۃ:3)

پہلی آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ جیسا کہ ہم نے تمہارے اندر تمہی میں سے رسول بھیجا ہے جو تم پر ہماری آیات پڑھ کر سناتا ہے اور تمہیں پاک کرتا ہے اور تمہیں کتاب اور اس کی حکمت سکھاتا ہے اور تمہیں ان باتوں کی تعلیم دیتا ہے جن کا تمہیں پہلے علم نہ تھا۔

اور پھر دوسری آیت میں فرمایا (وہی چیز دوبارہ) کہ وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں انہیں میں

سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے، انہیں پاک کرتا ہے انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔

لیکن ان دونوں آیات میں اور پہلی آیت میں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا تھی ایک بظاہر معمولی ترتیب کا فرق ہے جو نظر آتا ہے۔ لیکن یہ فرق کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات حکیم ہے اس نے خاص حکمت سے رکھا ہے گویا قرآن کریم کا ہر ہر لفظ اور نہ صرف لفظ بلکہ اس کی ترتیب بھی اپنے اندر حکمت لئے ہوئے ہے۔ قرآن کریم پر اعتراض کرنے والے اعتراض کرتے ہیں کہ اس کی ترتیب نہیں ہے جبکہ اصل بات یہ ہے کہ ان لوگوں کو قرآن کریم کی آیات پر غور کرنے کی صلاحیت ہی نہیں ہے اور جب تک دل پاک نہ ہوں یہ صلاحیت پیدا بھی نہیں ہو سکتی۔ یہ فرق جو حضرت ابراہیمؑ کی دعا میں ہے وہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہلی چیز جو مانگی تھی وہ یہ تھی کہ جو تیری آیات تلاوت کرے دوسری بات انہیں تعلیم دے۔ تیسری بات اپنی حکمت دے۔ اور چوتھی بات یہ کہ ان کا تزکیہ کرے۔ تو یہ دعا کی ترتیب ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مانگی۔ اور جب اللہ تعالیٰ اگلی آیتوں میں قبولیت دعا کی بات کرتا ہے تو فرماتا ہے کہ مَیں نے یہ رسول مبعوث کر دیا جو تمہیں یہ باتیں سکھاتا ہے اس ترتیب میں اگلی باتوں میں ایک فرق ہے۔ پہلی بات یہ کہ آیات پڑھ کر سناتا ہے۔ یہ الفاظ ترتیب کے لحاظ سے جو دعا کے الفاظ تھے ان کے مطابق ہیں۔ دوسری بات یہاں یہ لکھی کہ تمہیں پاک کرتا ہے، تمہارا تزکیہ کرتا ہے۔ دعا میں یہ تزکیہ کے الفاظ سب سے آخر میں تھے۔ کتاب سکھانے اور حکمت سکھانے کی ترتیب آگے دونوں وہی ہیں جو پہلی دعا میں تھیں۔ تو بہرحال یہ جو ترتیب میں فرق ہے اس میں بھی ایک حکمت ہے جو بعد میں انشاء اللہ بیان کروں گا۔

اس وقت پہلے میں اس بات کو لیتا ہوں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی اور خاص طور چار امور کی جو استدعا اللہ تعالیٰ کے حضور اس عظیم رسول کے لئے کی تھی۔ ان چار باتوں کا مطلب کیا ہے۔ آیات کیا چیز ہیں؟ کتاب کیا ہے؟ حکمت کیا ہے؟ اور تزکیہ کیا ہے؟

سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ دعا مانگی تھی کہ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ یعنی وہ تیری آیات انہیں پڑھ کر سنائے۔ تو آیات کے مختلف معانی اہل لغت اور تفسیر نے کئے ہیں۔ اس کے معنی نشان کے بھی ہیں۔ اس کے معنی معجزات کے بھی ہیں۔ آیت کے معنی ایسی عبرت کی بات کے بھی ہیں جو دوسروں کے لئے نصیحت کا باعث بنے۔ پھر آیت کے معنی وہ بھی ہیں کہ ہر چیز جس سے دوسری چھپی ہوئی چیز کا پتہ لگے یہ بھی آیت کہلاتی ہے۔ آیت کے معنی ٹکڑوں کے بھی ہیں۔ جیسے قرآن کریم کی آیات ہیں۔ غرض اس کے بہت سے معانی ہیں۔ تو اس کا یہاں مطلب یہ ہوگا کہ وہ تعلیم جو اس پاک نبی پر اترے، اس کو لوگوں کو سنائے اور اس میں جن نشانات اور معجزات کا ذکر ہو وہ بتا کر لوگوں کے ایمانوں کو تازہ کرے اور ایسے دلائل لوگوں کے سامنے پیش کرے جن سے ان کا تعلق اللہ تعالیٰ سے پیدا ہو۔ اُن لوگوں کا ان دلائل کو سن کر اللہ تعالیٰ سے ایک تعلق پیدا ہو جائے۔

حضرت مصلح موعود نے اس کی تفسیر بڑی تفصیل سے بیان فرمائی ہے، اس پر روشنی ڈالی ہے اور بڑے لطیف نکات پیش فرمائے ہیں جن سے میں استفادہ کر کے خلاصۃً پیش کر رہا ہوں۔

جیسا کہ مَیں نے بتایا تھا، ہم نے آیت کے معنی میں دیکھا ہے کہ اس کے معنی ٹکڑے کے بھی ہیں تو يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جو تعلیم آنحضرت ﷺ پر اترے گی وہ ایک وقت میں نہیں اترے گی بلکہ ٹکڑوں میں اترے گی۔ تو اس بارے میں جو دعا کی گئی تھی کہ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ اور پھر اس کی قبولیت کے تعلق میں خدا تعالیٰ نے بتا دیا کہ اس تعلیم کا اترنا پہلے دن سے ہی ٹکڑوں کی صورت میں تھا۔ یہی اللہ تعالیٰ کی اس میں حکمت تھی اور یہ فیصلہ تھا۔ اس لئے یہی دعا اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کروائی اور اس کو قبول فرمایا تاکہ اس کو بھی ایک نشان بنا دے۔ قرآن کریم کے اس طرح ٹکڑوں میں اترنے کو حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص نشان کے طور پر پیش فرمایا ہے جبکہ دشمن اس پہ اعتراض کرتا ہے کہ ٹکڑوں میں کیوں اتری ہے۔ قرآن کریم دشمن کے اس اعتراض کو یوں پیش فرماتا ہے کہ لَوْ لَا نُزِّلَ (۔) (الفرقان: 33) یعنی اس پر سارے کا سارا قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہیں اترا۔ دشمن کو تو یہ اعتراض نظر آ رہا ہے۔ لیکن مومن کو دعا کی قبولیت کا نشان نظر آ رہا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ 23 سال کے عرصہ پر پھیل کر قرآن کریم کا اترنا قرآن کریم کی سچائی کی بھی دلیل ہے اور آنحضرت ﷺ کی سچائی کی بھی دلیل ہے کہ ایسے ایسے سخت حالات آئے، سخت جنگیں ہوئیں یہاں تک کہ خود آنحضرت ﷺ کی ذات مبارکہ کو بھی نقصان پہنچایا پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ ایک یہودیہ نے زہر دینے کی کوشش کی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو فوراً بتا دیا اور آپؐ نے منہ سے لقمہ نکال دیا اور زہر کا اثر نہیں ہوا لیکن بہرحال اس کی تکلیف آپؐ کو آخر تک رہی۔ پھر جنگ اُحد میں آپؐ کو بڑے گہرے زخم آئے۔ جنگوں میں آپؐ کو بڑی تکالیف پہنچیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے جب تک قرآن کریم کو مکمل طور پر نازل نہیں کر دیا دین کامل ہونے اور نعمت تمام ہونے کا اعلان نہیں فرما دیا آپؐ کی ذات پر کوئی حملہ جان لیوا ثابت نہ ہو سکا۔ آپؐ کی وفات طبعی طور پر ہوئی۔

پس یہ آیات کا ٹکڑوں میں اترنا بھی جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی قبولیت ہے وہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس عظیم رسول پر ایک عظیم تعلیم کے اترنے کا بھی نشان ہے اور یہی اس تعلیم کی خوبصورتی بھی ہے۔ اس کے ٹکڑوں میں اترنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اس وقت کا انسان ابھی اس قابل نہیں تھا کہ ایک دم میں اس تعلیم کو سمجھ سکتا بلکہ بہت سی باتیں بعض صحابہؓ کو بھی سمجھ نہیں آتی تھیں۔ لیکن دوسرے نشانات اور معجزات دیکھ چکے تھے اس لئے ایمان کامل تھا۔ یا ان کی سمجھ اتنی تھی جتنا ان کا علم اس زمانے میں تھا۔ بعض زیادہ پڑھے لکھے نہیں بھی تھے لیکن ان کا ایمان کامل تھا ان نشانات کو دیکھ چکے تھے۔

یاد آیا حضرت مصلح موعود ایمان کامل ہونے کے ضمن میں بیان کرتے ہیں کہ غالباً حضرت منشی ظفر احمد صاحب کا واقعہ ہے۔ اُن کو کسی نے مولوی محمد حسین بٹالوی صاحب کے بارے میں کہا تھا یا ثناء اللہ صاحب کے بارہ میں۔ بہرحال ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں کہ کبھی ان کی مجلسوں میں بیٹھ کر ان کے اعتراضات سنے ہیں جو مرزا صاحب پر کرتے ہیں اور جو تقریر کرتے ہیں اور جو وہ دلیلیں پیش کرتے ہیں۔ تو انہوں نے کہا مَیں نے سنے تو نہیں لیکن وہ بھی مَیں سن لیتا ہوں۔ اس کے بعد انہوں نے کہا میرا ایمان تو اور بھی مضبوط ہوگا ان اعتراضات نے مجھے کیا کرنا ہے۔ مَیں نے تو وہ چہرہ دیکھا ہوا ہے جس نے میرے ایمان کو کامل کیا ہوا ہے۔ تو ان لوگوں کا علم تھا یا نہیں چہرہ دیکھ کے بھی ایمان کامل تھا بہرحال بہت ساری باتیں سمجھ نہ آنے کے باوجود ان کا ایمان کامل تھا اور اس زمانے میں علم بھی نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے تو مستقبل کی پیشگوئیاں قرآن کریم میں بیان فرمائی ہوئی ہیں۔ آج انسانی ذہن کی ترقی اور سائنسی ترقی نے انسان کو ان آیات کو سمجھنے کی نئی سوچیں بھی عطا فرمائی ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر عبدالسلام صاحب مرحوم فرمایا کرتے تھے کہ اپنے ہر تجربہ کی بنا میں قرآن کریم کی آیات پر رکھتا ہوں۔ تو بہرحال یہ نشانات تھے جو آنحضرت ﷺ کے ذریعہ ہم پر ظاہر ہوئے اور اس زمانے میں بھی جب آنحضرت ﷺ پر آیات نازل ہوئی تھیں تو آپ کے ماننے والوں کو ان ٹکڑوں کو سمجھنے اور ان پر عمل کرنے میں آسانی ہوتی تھی۔ ایک یہ بھی مقصد ٹکڑوں میں نازل ہونے کا تھا۔

آیت کے معانی مخفی چیزوں کی علامت بنا کر ظاہر کرنا بھی ہے۔ پس آنحضرت ﷺ نے اس تعلیم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو جو دنیادار کو نظر نہیں آتا، ایسے نشانات، معجزات اور علامات بتا کر جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر اتاری، ان آیات کی وجہ سے خدا تعالیٰ کے وجود سے لوگوں کو روشناس کروایا۔ اللہ تعالیٰ کی ہستی لوگوں پر ظاہر فرمائی جس کو لوگ بھول چکے تھے۔ ہر مذہب اور قوم ظاہری یا مخفی شرک میں مبتلا تھی اور (۔) (الروم: 42) یعنی خشکی اور تری میں لوگوں میں کاموں کی وجہ سے فساد پڑا ہوا

تھا۔ اور وہ کام کیا تھے؟ یہی کہ خدا کو دنیا بھول بیٹھی تھی۔ بظاہر مذہب کا لبادہ اوڑھنے والے بھی خدا کو بھلا بیٹھے تھے اور ظاہری شرک نے بھی انتہا کی ہوئی تھی۔ آج کل بھی یہی حالات ہیں۔ ان حالات کا بھی ذکر مَیں بعد میں کسی وقت آئندہ خطبوں میں کروں گا۔ تو آپؐ پر جو آیات اتریں ان کے ذریعہ سے ان لوگوں کو جو آپؐ کی پیروی کرنے والے تھے خدا تعالیٰ کی ذات کا ادراک پیدا ہوا۔ ان کو اس ہستی پر یقین کامل ہوا کہ زمین و آسمان کو پیدا کرنے والا کوئی خدا ہے۔ ہر چیز کی پیدائش کے پیچھے کسی ہستی کا ہاتھ ہے جو خدا کی ذات ہے۔ تو آپ نے یہ ادراک پیدا فرمایا کہ اس کو پہچانو اور اس کو پہچاننے کی یہ علامات ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یقیناً اللہ تعالیٰ نے یہ نظارہ دکھا دیا ہوگا۔ تبھی انہوں نے یہ دعا کی تھی کہ جب وہ وقت آئے تو جس طرح مَیں نے شرک کے خلاف اعلان جنگ کیا ہے اور تیری توحید کو قائم کرنے کی کوشش کی ہے اے خدا! جب وہ زمانہ آئے جو میرے وقت سے بھی زیادہ خطرناک اور توحید کو بھلانے والا زمانہ ہے اور اُس وقت دنیا پر تُو اپنی ہستی اور اپنے وجود سے دنیا کو آگاہ کرنے کے لئے رسول بھیجے تو اے خدا! وہ رسول میری نسل میں سے ہو۔ وہ دنیا کو وہ علامتیں بتائے جن کے ذریعہ تیری پہچان دنیا کو ہو۔ ایسے دلائل بتائے جن کو مان کر دنیا تیری تلاش کرے اور تو ان کو نظر آ جائے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مجھے وہی دیکھ سکتے ہیں جو مجھے تلاش کرتے ہیں جیسا کہ فرمایا (۔) (العنکبوت: 70) اور وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم ان کو ضرور اپنے راستوں کی طرف آنے کی توفیق بخشیں گے۔ پس ملنے کے راستے دکھانے والے اور اللہ تعالیٰ کی ذات کی علامتیں بتانے والے یہی عظیم رسول ہیں جن کا نام محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں صاف فرمایا ہے (.) (العنکبوت: 70) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت کے دروازوں کے کھلنے کے لئے مجاہدہ کی ضرورت ہے اور وہ مجاہدہ اسی طریق پر ہو جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے۔ اس کے لئے آنحضرت ﷺ کا نمونہ اور اُسوہ حسنہ ہے۔ بہت سے لوگ آنحضرت ﷺ کے اسوہ حسنہ کو چھوڑ دیتے ہیں اور پھر سبز پوش یا گیروے پوش فقیروں کی خدمت میں جاتے ہیں کہ پھونک مار کر کچھ بنا دیں۔ یہ بیہودہ بات ہے۔ ایسے لوگ جو شرعی امور کی پابندیاں نہیں کرتے اور ایسے بیہودہ دعوے کرتے ہیں وہ خطرناک گناہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے بھی اپنے مراتب کو بڑھانا چاہتے ہیں''۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 240 جدید ایڈیشن)

پس نشان دکھانا اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے سپرد فرمایا ہے۔ آپؐ نے ہمیں ان آیات کے مطابق جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر اتاریں یہ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کے لئے اس کی راہ میں کوشش اور جہاد ضروری ہے۔ پس یہ نشانی بتا دی۔ اب کوشش کرنا تمہارا کام ہے۔ علامات بتا دیں، دلائل دے دیئے کہ خدا ہے اور ہونا چاہئے۔ دنیا کو پیدا کرنے والا ہے، زمین و آسمان کو پیدا کرنے والا ہے لیکن اس تک پہنچنے کے لئے تمہاری کوشش ضروری ہے۔

پس اللہ تعالیٰ پیروں فقیروں کے ذریعہ سے نہیں ملتا۔ اللہ تعالیٰ تو آنحضرت ﷺ کے بتائے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کے آپؐ کو بتائے ہوئے جو طریق ہیں ان پر عمل کرنے اور چلنے سے ملتا ہے۔ اور پھر اگر خدا تعالیٰ کی علامتوں کا پتہ کرنا ہے تو پھر معجزات ہیں جو آنحضرت ﷺ نے دکھائے۔ وہ معجزے بھی، اعجازی نشان بھی سب سے زیادہ آنحضرت ﷺ نے ہی دکھائے ہیں۔ پیروں فقیروں کے اعجازی نشان زیادہ نہیں ہو سکتے۔ اُن اعجازی نشانوں کو چھوڑ کر جو آنحضرت ﷺ نے دکھائے یہ جو نام نہاد فقیروں کے معجزات ہیں، پیروں فقیروں کے معجزات کے نام پر جو دھوکے ہیں ان کو خدا سے ملنے کا ذریعہ نہیں سمجھنا چاہئے۔ یہ خود اپنے نفس پر بھی ایک بہت بڑا دھوکہ ہے۔ آنحضرت ﷺ کے نشانات کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ پس اللہ اس تک خود پہنچتا ہے جو ان علامات کے مطابق جو آنحضرت ﷺ نے بتائیں اسے تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اُس طریق کے مطابق تلاش کرتا ہے جو آنحضرت ﷺ نے اپنی آیات میں بیان کئے ہیں۔ پس اس کے مطابق ہمیں چاہئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کو تلاش کریں۔

پھر مفردات جو لغت کی ایک کتاب ہے اس میں (۔) (بنی اسرائیل: 60) یعنی ہم تو صرف خوف دلانے کے لئے آیات بھیجتے ہیں، سے مراد انہوں نے آیت کے ایک معنے عذاب بھی کئے ہیں جو مختلف شکلوں میں آتا ہے اور پہلے انبیاء کے وقت بھی آتا رہا ہے۔ ان سب کا اللہ تعالیٰ نے آیات کے رنگ میں ذکر کیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بھی اس حوالے سے آیت کے یہ معنی لئے ہیں اور یہ نکتہ بیان کیا ہے کہ یَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ سے یہ استنباط بھی ہو سکتا ہے کہ وہ اپنی قوم کے خلاف عذاب کی خبریں دے گا۔ اور آپ ﷺ کا زمانہ کیونکہ قیامت تک ممتد ہے اس لئے قرآن کریم میں جو پرانے انبیاء کے واقعات بیان کئے گئے ہیں یہ تنبیہ ہے تمام دنیا کو بھی اور آپؐ کے ماننے والوں کو بھی کہ ان واقعات سے عبرت حاصل کرو۔ پس آج بھی ان آیات کی جو آپ نے بیان کیں، جو آپ پڑھا کرتے تھے، جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر اتاریں اسی طرح یہ وضاحت پوری ہو رہی ہے کہ عذاب انہیں پر آتے ہیں یا آنے ہیں جو خدا کی خدائی پر ہاتھ ڈالنے والے ہیں، یا ہاتھ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ظلم و ستم میں حد سے زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔ صرف نبی کو نہ ماننا عذاب کا باعث نہیں بنتا۔ گوکہ یہ بھی بڑی بدقسمتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ اس پر اتنا ناراض نہیں ہوتا۔ لیکن جب انتہا سے زیادہ فتنہ و فساد اور ظلم بڑھ جاتا ہے تب اللہ تعالیٰ کی پکڑ آتی ہے۔ بدقسمتی سے (۔) جو سب سے پہلے قرآن کریم کے مخاطب ہیں وہ بھی اس کو بھول رہے ہیں اور اپنی حدوں سے تجاوز کر جاتے ہیں۔ اور ان آیات سے سبق نہیں لیتے جو قرآن کریم میں بیان ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں بھی عقل دے اور تمام دنیا کو بھی اور ہمیں بھی ان آیات کا صحیح فہم و ادراک عطا فرمائے جو اللہ تعالیٰ کے رسول نے ہمیں عطا کیا ہے تاکہ ہم صحیح طور پر اس کی ذات کا فہم و ادراک حاصل کرنے والے ہوں اور اس کے آگے جھکنے والے ہوں۔ باقی جو خصوصیات ہیں وہ مَیں انشاء اللہ آئندہ بیان کروں گا۔

عورت

سب سے اوّل جس نے تھا حق کو پہچانا...... عورت تھی
میرے نبیؐ کو سب سے پہلے جس نے مانا...... عورت تھی

جس نے آپؐ پہ مہر و وفا کا پردہ تانا...... عورت تھی
جس نے ایک چھپے جوہر کو روشن جانا...... عورت تھی

گھر کو جو جنت میں ڈھالے ایسا جادو عورت ہے
پھول اگر ہے مرد تو اس کی ساری خوشبو عورت ہے

ارشاد عرشی ملک

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

تمباکونوشی کے نقصانات

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ تروتازہ نظر آئیں، چہرے کی شادابی اور تابندگی برقرار رہے۔ جھریاں نہ پڑیں۔ وقت سے پہلے بوڑھے نظر نہ آئیں اور اپنی طبعی عمر پوری کریں تو آپ کو لازماً تمباکونوشی سے پرہیز کرنا پڑے گا۔

اگرچہ ہم میں سے اکثر افراد شراب و ہیروئن کے نشے کو برا سمجھتے ہیں۔ لیکن تمباکونوشی بھی اپنے مضمرات و مہلک اثرات کی بناء پر ان سے کچھ کم نہیں اور یہ بھی دوسری نشہ آور اشیاء کی طرح مریض کو اپنا عادی بنا دیتی ہے۔ طب کی اصطلاح میں تمباکونوشی کا درجہ بھی ایک بیماری کا ہے۔ 1۔ کیونکہ یہ ایک مستقل عارضہ ہے۔ 2۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس کی سنگینی و مضمرات میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ 3۔ یہ بنیادی طور پر مہلک ہے۔ 4۔ تمباکونوشی استعمال کرنے والا نہ صرف اس کا عادی ہو جاتا ہے بلکہ اس کے لئے اس علت سے نجات پانا بھی آسان نہیں رہتا۔ تمباکونوشی قبل از وقت مرگ کی ایک اہم وجہ ہے اور اس ایک عادت سے چھٹکارا پا کر بہت سی بیماریوں اور پیچیدگیوں سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ اس کے مہلک اثرات کا اندازہ ان اعداد و شمار سے بھی لگایا جا سکتا ہے۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں پانچ میں سے ایک موت تمباکونوشی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

پوری دنیا میں 3 4لاکھ اموات (سالانہ) تمباکونوشی کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ جبکہ ایک کروڑ دس لاکھ افراد میں اس کی وجہ سے مختلف پیچیدگیوں اور مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

سگریٹ پینے والے افراد میں، نہ پینے والے افراد کے مقابلے میں شرح اموات 30 سے 30 فی صد زیادہ ہے۔

ایک تجزیہ کے مطابق ایسے تقریباً 40 فیصد افراد، جن کی عمریں 35 سال کی تھیں اور وہ روزانہ (25) سے زیادہ سگریٹ پیتے تھے۔ وہ 65 سال کی عمر سے پہلے فوت ہو گئے۔ اس کے برخلاف نہ پینے والوں میں شرح (15) فیصد تھی۔

خطرات بڑھانے والے عوامل

تمباکونوشی کی وجہ سے خطرات بڑھانے والے عوامل میں سگریٹ نوشی کا دورانیہ مثلاً تمباکونوشی کب شروع کی۔ روزانہ پی جانے والے سگریٹوں کی تعداد وغیرہ سب شامل ہیں۔ وہ افراد جو ایک پیکٹ سگریٹ روزانہ پیتے ہیں۔ ان میں نہ پینے والوں کے مقابلے میں سرطان (کینسر) کا امکان دس گنا زیادہ ہوتا ہے۔ جبکہ دو پیکٹ پینے والوں میں یہ خطرہ 25 گنا بڑھ جاتا ہے۔

ایک تخمینے کے مطابق پاکستان میں سالانہ ایک لاکھ کے لگ بھگ اموات کا ذمہ دار تمباکونوشی کو ٹھہرایا جا سکتا ہے۔

یہ امر قابل افسوس ہے کہ ہمارے ہاں تقریباً 36 فیصد مرد اور 9 فیصد خواتین کسی نہ کسی صورت میں تمباکونوشی کی لت میں مبتلا ہیں۔

تمباکونوشی کی بدولت وجود انسانی کو کئی مضر صحت اجزاء کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان اجزاء میں خاص طور پر قابل ذکر یہ ہیں:۔

نکوٹین (Nicotine)

یہ انتہائی مضر، تمباکونوشی کا عادی بنانے والا عنصر ہے۔ اس کے مضمرات میں بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) نبض کی رفتار میں اضافہ اور دل پر دباؤ شامل ہیں۔ نکوٹین خون میں شکر، کارٹی سول (Cortisol) اور چکنائی بھی بڑھاتی ہے اور خون کے جمنے کے رجحان میں بھی اضافہ کرتی ہے جس کی وجہ سے اچانک ہارٹ اٹیک اتنا شدید ہوتا ہے کہ ہسپتال جانے کی نوبت نہیں آتی اور مریض اللہ کو پیارا ہو جاتا ہے۔

کاربن مونوآکسائیڈ (CO)

ایک زہریلی گیس، جو کہ سگریٹ کے دھوئیں میں دو فیصد ہوتی ہے۔ یہ خون کی آکسیجن لے جانے کی صلاحیت ہی کو متاثر نہیں کرتی بلکہ دماغی صلاحیتیں اور افعال بھی اس کی زد میں آئے بغیر نہیں رہتے۔

سگریٹ کا دھواں اور اس کے ذرات میں نہ صرف سرطان پیدا کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ بلکہ یہ پھیپھڑوں کی سوزش اور سینے کی امراض کے بھی ذمہ دار ہوتے ہیں۔

جب تمباکونوشی جسم پر اثر انداز ہوتی ہے تو وہ مختلف اقسام کے سرطانوں کا باعث ہو سکتی ہے۔

تمباکو کے مختلف اجزاء جسم کو براہ راست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

کیمیائی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ خاص طور پر نکوٹین اور کاربن مونوآکسائیڈ کے اثرات

☆ جسم مختلف غذائی اجزاء کی کمی کا شکار ہو سکتا ہے۔

☆ جیسا کہ وٹامنز وغیرہ کی کمی

☆ قوت مدافعت کم ہو جاتی ہے

☆ مختلف بیماریوں کے امکانات و رجحانات بڑھ جاتے ہیں۔ پھیپھڑوں میں پائی جانے والی 85 فیصد رسولیوں کی وجہ تمباکونوشی ہے۔

سگار یا پائپ پینے والے بہ نسبت سگریٹ پینے والوں کے کم دھواں نکلتے ہیں۔ لہٰذا ان میں سگریٹ پینے والوں کی نسبت شرح اموات بھی کم ہوتی ہے۔

لیکن منہ، حلق اور کھانے کی نالی کے سرطان کے امکانات برابر ہوتے ہیں۔

تمباکونوشی سے معدے، جگر، لبلبے، مثانے، دماغ اور خون کے سرطان کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ جلد کے مختلف سرطان کا بھی تمباکونوشی سے گہرا تعلق ہے۔ اس کے علاوہ خواتین میں سینے، مقعد، اور رحم کے سرطان کے امکانات بھی زیادہ ہو جاتے ہیں۔

پھیپھڑوں کے مسائل کی وجہ سے تمباکونوشی والے افراد میں شرح اموات 4 سے 25 گنا زیادہ ہوتی ہے۔ ان میں نمونیا اور زکام کی صورت میں اموات کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ ٹی بی سے بھی متاثر ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ خصوصاً دمہ میں مبتلا افراد کو تو تمباکونوشی سے مکمل احتراز کرنا چاہئے۔

تمباکونوش افراد میں اموات کی ایک اور بڑی وجہ دل کے دورے کے امکانات ہیں۔ وہ خواتین جو مانع حمل گولیاں استعمال کرتی ہیں۔ ان میں یہ خطرہ اور بھی زیادہ ہوتا ہے۔ دل کی شریانوں کا تنگ ہونا اور ان میں چکنائی جمنا تمباکونوش افراد میں بے حد عام ہے۔

اس کے علاوہ تمباکونوشی کے مضمرات میں معدے اور آنتوں کی سوزش (السر) کے امکانات دو سے تین گنا زیادہ، ہڈیوں کے فریکچر، خاص طور پر کولہے، کلائی، اور ریڑھ کی ہڈی دو سے چار گنا زیادہ، اس کے علاوہ سفید موتیا اور ہڈیوں کے بھربھرے پن کے رجحان میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ پھر گردے متاثر ہو کر لحمیات (Protein) خارج کرنے لگتے ہیں۔

سگریٹ نوش خواتین کے بچوں کا وزن کم ہوتا ہے۔ وہ ذہنی پسماندگی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان میں پھیپھڑوں اور سینے کے امراض بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ حمل ضائع ہونے کا خطرہ، بانجھ پن اور بچوں میں پیدائشی نقائص کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

ایسے افراد جو خود تمباکونوشی نہ کرتے ہوں۔ لیکن ایسے ماحول میں رہتے ہوں، جہاں سگریٹ کا دھواں رہتا ہو، ان میں بھی پھیپھڑوں اور دل کے امراض کی شدت میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ پھیپھڑوں کے سرطان کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اس طرح بلاواسطہ تمباکو نوشی کو انگریزی زبان میں پیسو سموکنگ (Passive Smoking) کہتے ہیں۔

تمباکونوشی ترک کرنے کے فوراً بعد ہی اس کے بہتر نتائج آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ بلڈ پریشر اور نبض کی رفتار میں بہتری آنے لگتی ہے اور دوران خون میں بہتری سے جسمانی حرکات میں بحالی آنے لگتی ہے۔

تمباکونوشی سے متعلقہ خطرات بھی کم ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ تقریباً دس سے پندرہ سال کے بعد پھیپھڑوں کے امراض کے امکانات اتنے ہی رہ جاتے ہیں۔ جتنا کہ ان افراد میں تھے۔ جنہوں نے کبھی تمباکو نوشی نہ کی ہو۔ اس سے بھی جلدی دل کے دورے سے موت کے خطرے کا امکان کم ہو جاتا ہے۔ فالج کا خطرہ بھی کم ہو جاتا ہے۔ وزن میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے۔ تمباکونوشی ترک کرنے کے دس سال بعد وہ افراد، جو روزانہ بیس یا اس سے زائد سگریٹ پیتے رہے ہوں۔ ان میں بھی شرح اموات میں دو تہائی کمی ہو جاتی ہے، جبکہ بیس سے کم پینے والوں میں نہ پینے والوں کے برابر رہ جاتی ہے۔

ایک سال کے اندر پھیپھڑوں کی کارکردگی میں دس فیصد اضافہ ہو جاتا ہے اور سینے سے متعلقہ مسائل سانس پھولنا، کھانسی اور سینے کی خرخراہٹ میں کمی آ جاتی ہے۔

آیئے ہم آج ہی سے تمباکونوشی ترک کرنے کا عہد کریں۔ تاکہ ہم، ہمارے قریب رہنے والے افراد، ہمارا خاندان اور ہمارے بچے اس کے مضر اثرات سے محفوظ رہ سکیں یاد رہے کہ تمباکونوش افراد کے بچوں میں تمباکونوشی کے شکار ہونے کے خطرات عام بچوں کے مقابلے میں بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

احباب جماعت اور واقفین نو بچوں کے والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کو تمباکونوشی کے مضر اثرات سے آگاہ کرتے رہیں اور کڑی نظر بھی رکھیں کہ کوئی بچہ اس بری عادت کا شکار نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے بچوں کی اعلیٰ رنگ میں تربیت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

علم زراعت کی شاخ

فوڈ ٹیکنالوجی

زراعت کی یہ شاخ تیارہ شدہ فصل (Raw Foods) مختلف انداز اور اقسام کی جدید خوراکوں میں تبدیل کرنے اور انہیں محفوظ کرنے کے لئے مختلف طریقوں کے وضع کرنے سے متعلق ہے۔ مثلاً ایک ٹماٹر سے لے کر خوبصورت اور دیدہ زیب بوتل میں Tomato Cathup کو پیک کرنا اور آم کے پھل کو ٹیزان Twist میں تبدیل کرنا ایک Food Technologist کی ذمہ داری ہے اور یہ کام مندرجہ ذیل امور کا لحاظ رکھ کر ہی سرانجام دیئے جا سکتے ہیں۔

(1) کسی خاص جوس، Clips یا بسکٹ وغیرہ بنانے کے لئے کون کون سے اجزاء کس خاص تناسب سے استعمال ہوں گے۔

(2) کسی خاص خوراک (Food Item) کے لئے کون سا کیمیائی مادہ (Preservative) کس تناسب سے استعمال کیا جائے کہ وہ ایک خاص مدت تک خراب نہ ہونے پائے۔

(3) دوران تیاری درجہ حرارت، مصنوعی ذائقوں (Flavours) اور رنگوں (Colours) اور Additives کا درست تعین تاکہ خوراک کو اس کے استعمال کرنے والے کے لئے خوش ذائقہ، دیدہ زیب، توانا بنایا جا سکے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 77031 میں عرفان احمد سندھو جٹ

